## پریس ریلیز

**ریزروبینک آف انڈیا**

ویب سائٹ: www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ: www.rbi.org.in
ای میل: helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات،، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی 400001
فون 91 22 2266 0502 فیکس 91 22 22660358


26 جولائی 2019

### بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 35A کے تحت ہدایات
**(جیسا کہ کوآپریٹیو سوسائٹیز پر لاگو)**
### شری آنند کوآپریٹیو بینک لمیٹیڈ، چنچواڑ، پونہ، مہاراشٹر

ریزروبینک عوامی مفاد میں اس بات سے مطمئن ہے لہٰذا یہ ضروری ہے کہ شری آنند کوآپریٹیو بینک لمیٹیڈ، چنچواڑ، پونہ، مہاراشٹر کو کچھ ہدایات جاری کی جائیں۔ لہٰذا ریزروبینک نے بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 35A کے ذیلی سیکشن (i) جس کو سیکشن 56 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے کے تحت حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے یہ حکم دیا ہے کہ ''شری آنند کوآپریٹیو بینک لمیٹیڈ، چنچواڑ، پونہ، مہاراشٹر 25 جون 2019 کو اپنے کام کے اوقات کے بعد سے بغیر ریزروبینک کی تحریری منظوری کسی بھی طرح کے قرض (لون) نہ تو منظور کرے گی اور نہ ہی پرانے قرضوں کی تجدید کرے گی اور نہ ہی کسی کو ایڈوانس دے گی، وہ سرمایہ کاری نہیں کرے گی، کوئی ذمہ داری (لائیبلٹی) نہیں لے گی اور نہ ہی فنڈس ادھار لے گی اور وہ نئے ڈپازٹس بھی نہیں لے گی۔ وہ کسی قسم کی ادائیگی کے لئے رقم دے گی وہ اپنی ذمہ داریوں سے سبکدوش ہونے کے لئے بھی ادائیگی نہیں کرے گی۔ وہ کسی بھی طرح کے سمجھوتہ میں شامل نہیں ہوگی۔ وہ اپنی کسی پراپرٹی اور اثاثہ جات کو فروخت کرنے کا انتظام نہیں کرے گی وہ صرف مندرجہ ذیل ہدایات کی پابندی کرسکے گی۔

(i) کسی بھی ڈپازٹر کو اپنے کسی بھی طرح کے اکاؤنٹس سے ایک ہزار روپیہ (Rs.1,000) تک کی رقم کی نکاسی کی اجازت ہے بشرطیکہ اس کے اوپر قرض دار یا گارنٹر کی حیثیت سے کوئی دینداری نہ ہو اگر ایسا ہے تو متعلقہ ودھڈرال کو اس کے بارووِل اکاؤنٹ میں سے ہم آہنگ (ایڈجسٹ) کیا جائے گا۔

(ii) میعادی جمع کو اسی نام سے اسی حیثیت میں میچورٹی پر تجدید کی جاسکتی ہے۔

(iii) مندرجہ ذیل معاملات بینک کو خرچ کرنے کی اجازت ہے۔

(a) ملازمین (اسٹاف) کی تنخواہ

(b) بلڈنگ کا کرایہ اور ٹیکس وغیرہ

(c) بجلی کا بل

(d) اسٹیشنری کی خرید اور پرنٹنگ

(e) ڈاک خرچ وغیرہ

(f) قانونی اخراجات، اسٹامپ ڈیوٹی/ رجسٹریشن چارجیز، مصالحاتی فیس عدالتی حکم کے مطابق، کورٹ کے قوانین کے مطابق

اخراجات۔

(g) کورٹ آرڈرس کی تعمیل میں ہونے والی کورٹ فیس

(h) وکیل کو فیس کی ادائیگی ہر معاملہ میں پانچ ہزار روپیہ تک (Rs.5,000/-)

(iv) ڈی آئی سی جی کارپوریشن پریمیم کی ادائیگی

(v) بینک کے روزمرہ کے کام کاج کو نپٹانے کے لئے آنے والے اخراجات کی ادائیگی اس شرط کے ساتھ کہ ڈائریکٹو جاری ہونے سے پہلے کے چھ ماہ میں اس مد میں خرچ کی گئی رقم کا اوسط، ایک ماہ میں خرچ کیا جاسکے گا۔

(vi) سرکاری/ایس ایل آر سے منظور شدہ سیکیورٹیز میں انویسٹمنٹ کیا جاسکتا ہے۔

(vii) بینک کے موجودہ ممبران سے پونجی میں تعاون (چندہ دینا) لیکن ماہانہ بنیاد پر آر بی آئی کو اپڈوائز کے تحت۔

(viii) سبکدوش ہونے والے ملازمین (رٹائرنگ) کو گریجویٹی/ پراویڈنٹ فنڈ کی ادائیگی۔

(ix) چھٹی کے عوض رقم دینا (لیوانکیشمنٹ) اور پیرانہ سالی کے عوض رقم دینا (سپرانیویشن بینیفٹس) وغیرہ لیکن آر بی آئی کی منظوری سے۔

(x) کسی بھی قسم کی ذمہ داری کی ادائیگی ریزرو بینک کی پیشگی تحریری منظوری کی شرط کے ساتھ۔

2- بینک کو اجازت ہے کہ وہ کسی گاہک کو جمع کے عوض قرض کے بدلے اس کے اکاؤنٹ میں موزوں رقم ہونے پر قرض میں ایڈجسٹ کرسکتا ہے اس طرح اس کا لون اکاؤنٹ مندرجہ ذیل شرائط کے ساتھ ایڈجسٹ کیا جاسکتا ہے:

(a) ایڈجسمنٹ کی تاریخ پر کسٹمر کے کھاتہ کے وائی سی نارمس پر پورے ہوں۔

(b) کسی تیسری پارٹی کے ڈپازٹس کو شامل کیا جاسکتا ہے بشرطیکہ وہ پارٹی کسی کی گارنٹر یا شیورٹی نہ ہو ایسے ڈپازٹس کو ایڈجسٹ کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

(c) اس موقع پر عمل ڈپازٹر کو نوٹس بھیجنے کے بعد ہی کیا جاسکے گا۔ جہاں مزید دیری لون اکاؤنٹ کو این پی اے میں بدلنے کی شکل میں نمودار ہوسکتی ہے۔ ایسے لون ایڈجسٹمنٹ کے لئے ڈپازٹر اور باروور کی رضا مندی بہت ضروری ہے یہ رضامندی تحریری شکل میں سمجھوتہ ہونے سے پہلے حاصل کی جائے۔

(d) ڈپازٹس پر کسی طرح کی پابندی، رکاوٹ جیسے کورٹ کا اٹیچمنٹ آرڈر/کسی دوسری اتھارٹی کا قانونی آرڈر، ارنیسٹ منی ڈپازٹس، ٹرسٹ کے ڈپازٹس، تھرڈ پارٹی لیئین، اسٹیٹ کوآپریٹیو سوسائٹیز ایکٹ کے تحت کوئی رکاوٹ نہ ہو۔

3- اس ڈائریکٹو کی ایک ایک کاپی ہر ڈپازٹرس کو فراہم کی جائے اور بینک کی ویب سائٹ کے ہوم پیج پر اس کو مظاہرہ کے لئے ڈالا جائے۔

4- ریزرو بینک مزید حکم دیتا ہے کہ ''شری آنند کوآپریٹیو بینک لمیٹیڈ، چنچواڑ، پونہ، مہاراشٹر، چیف جنرل منیجر ریزرو بینک، ڈپارٹمنٹ آف کوآپریٹیو بینک، سپرویژن ممبئی، ریجنل آفس، سی-8، گراؤنڈ فلور، باندرہ، کرلا کمپلیکس، ممبئی 400051 کو بینک کے آپریشنس سے متعلق اسٹیٹمنٹس جیسا کہ آر بی آئی نے پروفارمہ تجویز کیا ہے مکمل کرکے داخل کریں گے۔

5- یہ ہدایات 25 جون 2019 کے کام کے اوقات کے بعد سے 6 ماہ کے لئے نظر ثانی کی شرط کے ساتھ عمل میں رہیں گی۔

یوگیش دیال

چیف جنرل منیجر

پریس بلیٹن 253/2019-2020